الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ

تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے پیدا کئے آسمان اور زمین اور بنائیں تاریکیاں اور روشنی ۔

# الأَنْعَام

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

---

الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ

سب تعریف اللہ کو جس نے بنائے آسمان و زمین، ٹھہرایا اندھیرا اور اُجالا ۔

ثُمَّ الَّذِينَ كَفَرُواْ بِرَبِّهِم يَعْدِلُونَ(۱)

پھر یہ منکر اپنے رب کے ساتھ کسی کو برابر کرتے ہیں ۔

هُوَ الَّذِي خَلَقَكُم مِّن طِينٍ ثُمَّ قَضَى أَجَلاً

وہی ہے جن نے بنایا تم کو مٹی سے پھر ٹھہرایا ایک وعدہ (مقرر کردی ایک مدت) ۔

وَأَجَلٌ مُّسمًّى عِندَهُ ثُمَّ أَنتُمْ تَمْتَرُونَ (۲)

اور ایک وعدہ (قیامت کا جو) صحیح ہو رہا ہے اس (اللہ) کے پاس، پھر (بھی) تم شک لاتے ہو ۔

وَهُوَ اللّهُ فِي السَّمَاوَاتِ وَفِي الأَرْضِ

اور وہی ہے (ایک) اللہ آسمان و زمین میں ۔

يَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُونَ (۳)

جانتا ہے تمہارا چھپا اور کھلا، اور جانتا ہے جو (بھلائی یا برائی) کماتے ہو ۔

وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلاَّ كَانُواْ عَنْهَا مُعْرِضِينَ (٤)

اور نہیں پہنچتی انکو نشانی، اُنکے رب کی نشانیوں میں، مگر کرتے ہیں اس سے تغافل (منہ موڑ لیتے ہیں) ۔

فَقَدْ كَذَّبُواْ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءهُمْ

سو جھٹلا چکے حق بات کو، جب اُن تک پہنچی ۔

فَسَوْفَ يَأْتِيهِمْ أَنبَاء مَا كَانُواْ بِهِ يَسْتَهْزِؤُونَ (٥)

جب آ گے (سوعنقریب) آ ئے گی اُن پر حقیقت اس بات کی جس پر ہنستے تھے۔

أَلَمْ يَرَوْاْ كَمْ أَهْلَكْنَا مِن قَبْلِهِم مِّن قَرْنٍ مَّكَّنَّاهُمْ فِي الأَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّن لَّكُمْ

کیا دیکھتے نہیں کتنی ہلاک کیں پہلے ان سے سنگتیں (قومیں)، انکو جمایا (اقتدار دیا) تھا ہم نے ملک میں، جتنا تم کو نہیں جمایا،

وَأَرْسَلْنَا السَّمَاء عَلَيْهِم مِّدْرَارًا وَجَعَلْنَا الأَنْهَارَ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمْ فَأَهْلَكْنَاهُم بِذُنُوبِهِمْ

اور چھوڑ دیا ہم نے اُن پر آسمان برساتا (موسلادار بارش)، اور بنادیں نہریں بہتی اُنکے نیچے، پھر ہلاک کیا اُنکو اُنکے گناہوں پر،

وَأَنْشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قَرْنًا آخَرِينَ (٦)

اور لا کھڑی کی اُنکے پیچھے اور سنگت (قوم)۔

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتَابًا فِي قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوهُ بِأَيْدِيهِمْ لَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُواْ

اور اگر اتاریں ہم ان پر لکھا ہوا کاغذ میں، پھر ٹٹول لیں اسکو اپنے ہاتھ سے، البتہ (پھر بھی) کہیں گے (یہ) منکر،

إِنْ هَـذَا إِلاَّ سِحْرٌ مُّبِينٌ (٧)

یہ کچھ نہیں مگر جادو ہے صریح (کھلا)۔

وَقَالُواْ لَوْلا أُنزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ

اور کہتے ہیں کیوں نہ اترا اس پر کوئی فرشتہ؟

وَلَوْ أَنزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الأمْرُ ثُمَّ لاَ يُنظَرُونَ (٨)

اور اگر ہم فرشتہ اتاریں تو فیصلہ ہو چکے کام، پھر ان کو فرصت (مہلت) نہ ملے۔

وَلَوْ جَعَلْنَاهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنَاهُ رَجُلاً وَلَلَبَسْنَا عَلَيْهِم مَّا يَلْبِسُونَ (٩)

اور اگر ہم رسول کرتے کوئی فرشتہ، تو وہ بھی صورت میں ایک مرد کرتے، اور اُن پر شبہ ڈالتے وہی شبہ جو لاتے (جس میں مبتلا) ہیں۔

وَلَقَدِ اسْتُهْزِىءَ بِرُسُلٍ مِّن قَبْلِكَ

اور ہنسی کرتے رہے ہیں رسولوں سے تیرے (سے) پہلے،

فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُواْ مِنْهُم مَّا كَانُواْ بِهِ يَسْتَهْزِؤُونَ (١٠)

پھر الٹ پڑی ان سے ہنسی والوں پر جس بات پر ہنسا کرتے تھے۔

قُلْ سِيرُواْ فِي الأَرْضِ ثُمَّ انظُرُواْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ (١١)

تُو کہہ، پھرو ملک میں، تو دیکھو آخر کیسا ہوا جھٹلانے والوں کا۔

قُل لِّمَن مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ

پُوچھ! کہ کس کا ہے جو کچھ ہے آسمان و زمین میں؟

قُل لِلّهِ

کہہ اللہ کا۔

كَتَبَ عَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لاَ رَيْبَ فِيهِ

اس نے لکھی (لازم کرلی) ہے اپنے ذمہ مہربانی (رحمت)۔ البتہ تم کو جمع کرے گا، دن قیامت تک، اس میں شک نہیں۔

الَّذِينَ خَسِرُواْ أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ (١٢)

اور جنہوں نے ہاری (خسارے میں ڈالی) اپنی جان، وہی (اسے) نہیں مانتے۔

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (١٣)

اور اسی کا ہے جو بستا ہے رات میں اور دن میں۔ اور وہی ہے سب سنتا جانتا۔

قُلْ أَغَيْرَ اللّهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا

تُو کہہ، کیا اور کوئی پکڑوں اپنا مددگار اللہ کے سوا؟

فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلاَ يُطْعَمُ

(وہ) جو بنانے والا ہے آسمان اور زمین کا اور سب کو کھلاتا ہے اور اسکو کوئی نہیں کھلاتا۔

قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ وَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكَينَ (١٤)

کہہ مجھ کو حکم ہوا ہے کہ سب سے پہلے حکم مانوں، اور (یہ کہ ہرگز) تُو نہ ہو شریک پکڑنے والا۔

قُلْ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ (١٥)

تُو کہہ، میں ڈرتا ہوں، اگر حکم نہ مانوں اپنے رب کا، ایک بڑے دن کے عذاب سے۔

مَّن يُصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهُ وَذَلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ (١٦)

جس پر سے وہ (عذاب) ٹلا اُس دن اس پر رحم کیا۔ اور یہی ہے بڑی مراد ملنی۔

وَإِن يَمْسَسْكَ اللّهُ بِضُرٍّ فَلاَ كَاشِفَ لَهُ إِلاَّ هُوَ

اور اگر پہنچا دے تجھ کو اللہ کچھ سختی، پھر اسکو کوئی نہ اٹھائے سوا اسکے۔

وَإِن يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدُيرٌ (١٧)

اور اگر تجھ کو پہنچا دے بھلائی، تو وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ (١٨)

اور اسی کا زور پہنچتا (کامل اختیار) ہے اپنے بندوں پر۔ اور وہی ہے حکمت والا خبردار۔

قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادةً

تُو کہہ (پوچھ)، کس چیز کی بڑی گواہی؟

قُلِ اللّهِ شَهِيدٌ بِيْنِي وَبَيْنَكُمْ

کہہ، اللہ گواہ میرے اور تمہارے بیچ۔

وَأُوحِيَ إِلَيَّ هَذَا الْقُرْآنُ لأُنذِرَكُم بِهِ وَمَن بَلَغَ

اور اترا (وحی کیا گیا) ہے مجھ کو یہ قرآن، کہ تم کو اس سے خبر (متنبہ) کروں، اور (ہر اسکو) جسکو یہ پہنچے۔

أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللّهِ آلِهَةً أُخْرَى

کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ معبود اور بھی ہیں۔

قُل لاَّ أَشْهَدُ

تُو کہہ، میں نہ گواہی دوں گا۔

قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلَـهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ (١٩)

تُو کہہ، وہی ہے معبود ایک، اور میں قبول نہیں رکھتا، جو تم شریک کرتے ہو۔

الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءهُمُ

جن کو ہم نے دی ہے کتاب، اس کو پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو،

الَّذِينَ خَسِرُواْ أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لاَ يُؤْمِنُونَ (٢٠)

جنہوں نے ہاری (خسارے میں ڈالی) اپنی جان، وہی نہیں مانتے۔

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ

اور اس سے ظالم کون جو جھوٹ باندھے اللہ پر یا جھٹلائے اسکی آیتیں،

إِنَّهُ لاَ يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ (٢١)

مقرر (یقینا) بھلا (فلاح) نہیں پاتے گنہگار۔

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُواْ أَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِينَ كُنتُمْ تَزْعُمُونَ (٢٢)

اور جس دن ہم جمع کریں گے ان سبکو کہیں (پوچھیں) گے شریک والوں کو، کہاں ہیں شریک تمہارے جنکا تم دعوی کرتے تھے؟

ثُمَّ لَمْ تَكُن فِتْنَتُهُمْ إِلاَّ أَن قَالُواْ وَاللّهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ (٢٣)

پھر نہ رہے گی اُنکی شرارت، مگر یہی کہ کہیں گے قسم اللہ کی اپنے رب کی ہم شریک نہ کرتے تھے؟

انظُرْ كَيْفَ كَذَبُواْ عَلَى أَنفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَفْتَرُونَ (٢٤)

دیکھ تو کیسا جھوٹ بولے اپنے اوپر، اور کھوئی گئیں ان سے جو باتیں بناتے تھے۔

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ

اور بعضے ان میں کان (لگائے) رکھتے ہیں تیری طرف۔

وَجَعَلْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا

اور ہم نے انکے دلوں پر غلاف رکھے ہیں کہ اسکو نہ سمجھیں، اور اُنکے کانوں پر بوجھ۔

وَإِن يَرَوْاْ كُلَّ آيَةٍ لاَّ يُؤْمِنُواْ بِهَا

اور اگر دیکھیں ساری نشانیاں، یقین نہ لائیں ان پر۔

حَتَّى إِذَا جَآؤُوكَ يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُواْ إِنْ هَذَآ إِلاَّ أَسَاطِيرُ الأَوَّلِينَ (٢٥)

(حتی کہ) جب تک نہ آئیں تیرے پاس جھگڑنے کو، کہتے ہیں وہ منکر یہ کچھ نہیں مگر نقلیں (کہانیاں) ہیں اگلوں (پہلوں) کی۔

وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْأَوْنَ عَنْهُ

اور وہ اس سے منع کرتے ہیں (لوگوں کو) اور (خود بھی) اس سے بھاگتے ہیں،

وَإِن يُهْلِكُونَ إِلاَّ أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ (٢٦)

اور ہلاک کرتے ہیں مگر آپ (خود) کو، اور نہیں سمجھتے۔

وَلَوْ تَرَىَ إِذْ وُقِفُواْ عَلَى النَّارِ فَقَالُواْ

اور کبھی تُو دیکھے، جس وقت انکو ٹھہرایا (کھڑا کیا) ہے آگ پر تو کہتے ہیں،

يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ وَلاَ نُكَذِّبَ بِآيَاتِ رَبِّنَا وَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ‎(٢٧)

اے کاش کے ہم کو پھیر (واپس) بھیجیں، اور ہم نہ جھٹلائیں اپنے رب کی آیتیں اور رہیں ایمان والوں میں۔

بَلْ بَدَا لَهُم مَّا كَانُواْ يُخْفُونَ مِن قَبْلُ

کوئی نہیں، بلکہ کھل گیا جو چھپاتے تھے پہلے۔

وَلَوْ رُدُّواْ لَعَادُواْ لِمَا نُهُواْ عَنْهُ وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ ‎(٢٨)

اور اگر پھیر (واپس) بھیجیں تو پھر کریں وہی جو منع ہوا تھا انکو، اور وہ جھوٹ بولتے ہیں۔

وَقَالُواْ إِنْ هِيَ إِلاَّ حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ‎(٢٩)

اور کہتے ہیں ہم کو زندگی نہیں مگر یہی دنیا کی، اور ہم کو پھر نہیں اُٹھنا (زندہ نہیں ہوں گے)۔

وَلَوْ تَرَى إِذْ وُقِفُواْ عَلَى رَبِّهِمْ

اور کبھی تُو دیکھے، جس وقت انکو کھڑا کیا ہے اُنکے رب کے سامنے،

قَالَ أَلَيْسَ هَذَا بِالْحَقِّ

فرمایا، (کیا) اب یہ سچ نہیں،

قَالُواْ بَلَى وَرَبِّنَا

بولے کیوں نہیں (یہ حقیقت ہے)، قسم ہمارے رب کی،

قَالَ فَذُوقُواْ العَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ‎(٣٠)

فرمایا تو چکھو عذاب، بدلہ اپنے کُفر کا۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِلِقَاء اللّهِ

خراب ہوئے جنہوں نے جھوٹ جانا ملنا اللہ کا،

حَتَّى إِذَا جَاءتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُواْ يَا حَسْرَتَنَا عَلَى مَا فَرَّطْنَا فِيهَا

جب تک کہ آ پہنچی اُن پر قیامت بے خبر (اچانک)، کہنے لگے، اے افسوس! کیا ہم نے قصور کیا (کوتاہی کی) اس میں،

وَهُمْ يَحْمِلُونَ أَوْزَارَهُمْ عَلَى ظُهُورِهِمْ

اور وہ اُٹھاتے ہیں اپنے بوجھ اپنی پیٹھ پر۔

أَلاَ سَاء مَا يَزِرُونَ (٣١)

سنتا ہے؟ (کیسا) بُرا بوجھ ہے جو اُٹھاتے ہیں۔

وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلاَّ لَعِبٌ وَلَهْوٌ

اور کچھ نہیں دنیا کا جینا مگر کھیل اور جی بہلانا۔

وَلَلدَّارُ الآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ أَفَلاَ تَعْقِلُونَ (٣٢)

اور پچھلا گھر جو ہے، سو بہتر ہے ڈروالوں کو؟ کیا تم کو سمجھ نہیں؟

قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِي يَقُولُونَ

ہم جانتے ہیں کہ تجھ کو غم دلاتی ہیں اُنکی باتیں،

فَإِنَّهُمْ لاَ يُكَذِّبُونَكَ وَلَكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللّهِ يَجْحَدُونَ (٣٣)

سو وہ تجھ کو نہیں جھٹلاتے، لیکن بے انصاف اللہ کے حکموں سے منکر ہوئے جاتے ہیں۔

وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّن قَبْلِكَ فَصَبَرُواْ عَلَى مَا كُذِّبُواْ وَأُوذُواْ حَتَّى أَتَاهُمْ نَصْرُنَا

اور جھٹلایا بہت رسولوں کو تجھ سے پہلے، پھر صبر کرتے رہے جھٹلانے پر، اور ایذا ہے، جب تک پہنچی انکو مدد ہماری،

وَلاَ مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِ اللّهِ وَلَقدْ جَاءكَ مِن نَّبَإِ الْمُرْسَلِينَ (٣٤)

اور کوئی بدلنے والا نہیں اللہ کی باتیں۔ اور تجھ کو پہنچ چکا ہے کچھ احوال رسولوں کا۔

وَإِن كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ إِعْرَاضُهُمْ

اور اگر تجھ پر بھاری ہے انکا تغافل (بے رخی) کرنا،

فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَن تَبْتَغِيَ نَفَقًا فِي الأَرْضِ أَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَاء فَتَأْتِيَهُم بِآيَةٍ

تو اگر تو سکے ڈھونڈھ نکالنی کوئی سرنگ زمین میں، یا کوئی سیڑھی آسمان میں، پھر انکو لادے ایک نشانی۔

وَلَوْ شَاء اللّهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَى فَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْجَاهِلِينَ (٣٥)

اور اگر اللہ چاہتا، جمع کرلاتا سب کو راہ پر، سو تُو مت ہو نادانوں میں۔

إِنَّمَا يَسْتَجِيبُ الَّذِينَ يَسْمَعُونَ وَالْمَوْتَى يَبْعَثُهُمُ اللّهُ ثُمَّ إِلَيْهِ يُرْجَعُونَ (٣٦)
مانتے وہ ہیں جو سنتے ہیں۔ اور مُردوں کو اٹھائے گا اللہ، پھر اسکی طرف جائیں گے۔

وَقَالُواْ لَوْلاَ نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ
اور کہتے ہیں کیوں نہیں اُتری اس پر کچھ نشانی اس کے رب سے؟

قُلْ إِنَّ اللّهَ قَادِرٌ عَلَى أَن يُنَزِّلٍ آيَةً وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لاَ يَعْلَمُونَ (٣٧)
تُو کہہ اللہ کو قدرت ہے کہ اُتارے کچھ نشانی، لیکن ان بہتوں کو سمجھ نہیں۔

وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِي الأَرْضِ وَلاَ طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلاَّ أُمَمٌ أَمْثَالُكُم
اور کوئی ہلتا (چلنے پھرنے والا) نہیں زمین میں، نہ جانور ہے کہ اڑتا ہے دو پر سے، مگر ایک ایک اُمت ہے تمہاری طرح۔

مَّا فَرَّطْنَا فِي الكِتَابِ مِن شَيْءٍ ثُمَّ إِلَى رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ (٣٨)
چھوڑی نہیں ہم نے لکھنے میں کوئی چیز، پھر اپنے رب کی طرف اکٹھے ہوں گے۔

وَالَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا صُمٌّ وَبُكْمٌ فِي الظُّلُمَاتِ
اور وہ جو جھٹلاتے ہیں ہماری آیتیں، بہرے اور گونگے ہیں اندھیروں میں۔

مَن يَشَإِ اللّهُ يُضْلِلْهُ وَمَن يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (٣٩)
جس کو چاہے اللہ گمراہ کرے۔ اور جس کو چاہے ڈال دے سیدھی راہ پر۔

قُلْ أَرَأَيْتُكُم إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللّهِ أَوْ أَتَتْكُمُ السَّاعَةُ
تُو کہہ، دیکھو تو اگر آئے تم پر عذاب اللہ کا یا آئے تم پر قیامت،

أَغَيْرَ اللّهِ تَدْعُونَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (٤٠)
(تو) کیا اللہ کے سوا کسی کو پکارو گے؟ بتاؤ اگر تم سچے ہو۔

بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَاء
بلکہ (ایسے مواقع پر) اسی کو پکارتے ہو، پھر کھول (دور کر) دیتا ہے جس پر پکارتے تھے، اگر (وہ) چاہتا ہے۔

وَتَنسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ (٤١)
اور بھول جاتے ہو جنکو شریک کرتے تھے۔

وَلَقَدْ أَرْسَلنَآ إِلَى أُمَمٍ مِّن قَبْلِكَ

اور ہم نے رسول بھیجے تھے بہت اُمتوں پر تجھ سے پہلے،

فَأَخَذْنَاهُمْ بِالْبَأْسَاء وَالضَّرَّاء لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُونَ (٤٢)

پھر اُنکو پکڑا سختی میں اور تکلیف میں، شاید وہ گڑگڑائیں۔

فَلَوْلا إِذْ جَاءهُمْ بَأْسُنَا تَضَرَّعُواْ

پھر کیوں نہ جب پہنچا اُن پر عذاب ہمارا گڑگڑاتے ہوتے (جھکے ہوتے عاجزی سے)،

وَلَـكِن قَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (٤٣)

اور لیکن سخت ہوگئے دل اُنکے اور اُنکو بھلے دکھائے شیطان نے جو کام کر رہے تھے۔

فَلَمَّا نَسُواْ مَا ذُكِّرُواْ بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ

پھر جب بھول گئے جو نصیحت کی تھی اُنکو کھول دیئے ہم نے اُن پر دروازے ہر چیز کے،

حَتَّى إِذَا فَرِحُواْ بِمَا أُوتُواْ أَخَذْنَاهُم بَغْتَةً فَإِذَا هُم مُّبْلِسُونَ (٤٤)

یہاں تک کہ جب خوش (خوب مگن) ہوئے پائی ہوئی چیز سے پکڑا ہم نے اُنکو بے خبر، پھر تب ہی وہ رہ گئے نا اُمید۔

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُواْ

پھر کٹ گئی جڑ ان ظالموں کی۔

وَالْحَمْدُ لِلّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (٤٥)

اور سراہتے کام (سب تعریفیں) اللہ (کی) کا جو رب ہے سارے جہان کا۔

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَخَذَ اللّهُ سَمْعَكُمْ وَأَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلَى قُلُوبِكُم مَّنْ إِلَـهٌ غَيْرُ اللّهِ يَأْتِيكُم بِهِ

تُو کہہ، دیکھو تو! اگر چھین لے اللہ تمہارے کان اور آنکھیں اور مُہر کردے تمہارے دل پر، کون وہ رب ہے اللہ کے سوا جو تم کو یہ لا دیوے؟

انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُونَ (٤٦)

دیکھ، ہم کیسی پھیرتے (بار بار پیش کرتے) ہیں باتیں، پھر وہ کنارہ (رُوگردانی) کرتے ہیں۔

قُلْ أَرَأَيْتَكُمْ إِنْ أَتَاكُمْ عَذَابُ اللّهِ بَغْتَةً أَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ إِلاَّ الْقَوْمُ الظَّالِمُونَ (٤٧)

تُو کہہ، دیکھو تو! اگر آئے تم پر عذاب اللہ کا بے خبر (اچانک) یا روبرو (علانیہ)، کوئی ہلاک ہوگا، مگر وہی لوگ (جو) گنہگار ہیں؟

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلاَّ مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ

اور ہم جو رسول بھیجتے ہیں، نہیں مگر خوشی اور ڈر سنانے کو،

فَمَنْ آمَنَ وَأَصْلَحَ فَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُونَ (٤٨)

پھر جو یقین لایا اور سنوار پکڑی (اصلاح کرلی)، تو نہ ڈر ہے اُن پر اور نہ وہ غم کھائیں۔

وَالَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُواْ يَفْسُقُونَ (٤٩)

اور جنہوں نے جھٹلائیں ہماری آیتیں، اُنکو لگے گا عذاب اس پر کہ بے حکمی کرتے تھے۔

قُل لاَّ أَقُولُ لَكُمْ عِندِي خَزَآئِنُ اللّهِ وَلا أَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلا أَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ

تُو کہہ، میں نہیں کہتا تم سے، کہ مجھ پاس ہیں خزانے اللہ کے، نہ میں جانوں غیب کی بات، اور نہ میں کہوں تم سے کہ میں فرشتہ ہوں۔

إِنْ أَتَّبِعُ إِلاَّ مَا يُوحَى إِلَيَّ

میں اسی پر چلتا ہوں جو مجھ کو حکم آتا ہے،

قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الأَعْمَى وَالْبَصِيرُ أَفَلاَ تَتَفَكَّرُونَ (٥٠)

تُو کہہ، کب برابر ہوسکے اندھا اور دیکھتا؟ کیا تم دھیان (غور) نہیں کرتے؟

وَأَنذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَن يُحْشَرُواْ إِلَى رَبِّهِمْ

اور خبردار کر دے اس قرآن سے جنکو ڈر ہے کہ جمع ہوں گے اپنے رب کے پاس،

لَيْسَ لَهُم مِّن دُونِهِ وَلِيٌّ وَلاَ شَفِيعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ (٥١)

انکا کوئی نہیں اسکے سوا حمایتی، نہ سفارش والا، شاید وہ بچتے رہیں (تقویٰ اختیار کرلیں)۔

وَلاَ تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُم بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ

اور نہ ہانک (دور ہٹاؤ خود سے) انکو جو پکارتے ہیں اپنے رب کو صبح اور شام، چاہتے ہیں اس کا منہ (کی خوشنودی)۔

مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِم مِّن شَيْءٍ

تجھ پر نہیں اُنکے حساب میں سے کچھ، اور نہ تیرے حساب میں سے اُن پر ہے کچھ،

فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ مِنَ الظَّالِمِينَ (٥٢)

کہ تو انکو ہانک دے (دور ہٹاؤ)، پھر (اگر ایسا کیا تو) ہوئے بے انصافوں میں۔

وَكَذَٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لِّيَقُولواْ أَهَـؤُلاء مَنَّ اللّهُ عَلَيْهِم مِّن بَيْنِنَا

اور اسی طرح ہم نے آزمایا ہے ایک کو ایک سے کہ کہیں، کیا یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے فضل کیا، ہم سب میں؟

أَلَيْسَ اللّهُ بِأَعْلَمَ بِالشَّاكِرِينَ (٥٣)

کیا اللہ کو معلوم نہیں حق ماننے (شکر کرنے) والے؟

وَإِذَا جَاءكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلاَمٌ عَلَيْكُمْ

اور جب آئیں تیرے پاس ہماری آیتیں ماننے والے، تو کہہ، سلام ہے تم پر،

كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ

لکھی ہے تمہارے رب نے اپنے اوپر مہر (رحمت) کرنی،

أَنَّهُ مَن عَمِلَ مِنكُمْ سُوءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِن بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (٥٤)

کہ جو کوئی کرے تم میں برائی نادانی سے، پھر اسکے بعد توبہ کی اور سنوار پکڑی (اصلاح کرلی)، تو یوں ہے کہ (بیشک) وہ ہے بخشنے والا مہربان۔

وَكَذَلِكَ نفَصِّلُ الآيَاتِ وَلِتَسْتَبِينَ سَبِيلُ الْمُجْرِمِينَ (٥٥)

اور اسی طرح ہم بیان کرتے ہیں آیتیں (نشانیاں) اور تو کھل (نمایاں ہو) جائے راہ گنہگاروں کی۔

قُلْ إِنِّي نُهِيتُ أَنْ أَعْبُدَ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ

تُو کہہ مجھ کو منع ہوا ہے کہ پوجوں جنکو پکارتے ہو اللہ کے سوا،

قُل لاَّ أَتَّبِعُ أَهْوَاءكُمْ قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَاْ مِنَ الْمُهْتَدِينَ (٥٦)

تُو کہہ، میں نہیں چلتا تمہاری خوشی (خواہش) پر، سو تو میں بہک چکا (گمراہ ہوا)، اور نہ ہوا راہ پانے والا۔

قُلْ إِنِّي عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَكَذَّبْتُم بِهِ

تُو کہہ، مجھ کو شہادت پہنچی میرے رب کی، اور تم نے اسکو جھٹلایا،

مَا عِندِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهِ

میرے پاس (اختیار میں) نہیں جسکی شتابی (جلدی) کرتے ہو،

إِنِ الْحُكْمُ إِلاَّ لِلّهِ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفَاصِلِينَ (٥٧)

حکم کسی کا نہیں سوا اللہ کے، کھولتا ہے حق بات، اور وہ ہے بہتر چکانے (فیصلہ کرنے والا) والا۔

قُل لَّوْ أَنَّ عِندِي مَا تَسْتَعْجِلُونَ بِهِ لَقُضِيَ الأَمْرُ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ

تُو کہہ، اگر میرے پاس ہو جس کی شتابی (جلدی) کرتے ہو، تو فیصلہ ہو چکے کام (اس جھگڑے کا)، میرے تمہارے بیچ۔

وَاللّهُ أَعْلَمُ بِالظَّالِمِينَ (٥٨)

اور اللہ کو خوب معلوم ہیں بے انصاف۔

وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لاَ يَعْلَمُهَا إِلاَّ هُوَ

اور اسی کے پاس کنجیاں ہیں غیب کی، انکو کوئی نہیں جانتا اسکے سوا۔

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

اور وہ جانتا ہے جو جنگل اور دریا میں،

وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلاَّ يَعْلَمُهَا وَلاَ حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الأَرْضِ

اور نہیں جھڑتا کوئی پات (پتہ)، جو وہ نہیں جانتا، اور نہ کوئی دانہ زمین کے اندھیروں میں،

وَلاَ رَطْبٍ وَلاَ يَابِسٍ إِلاَّ فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ (٥٩)

اور نہ ہرا نہ سوکھا، جو نہیں کھلی کتاب میں۔

وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ

اور وہی ہے تم کو بھر (روح قبض کر) لیتا ہے رات کو، اور جانتا ہے جو کما چکے ہو دن کو،

ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ لِيُقْضَى أَجَلٌ مُّسَمًّى

پھر تم کو اُٹھاتا ہے اس (اگلے دن) میں، کہ پورا ہو وعدہ (زندگی کی مدت) جو تھا ٹھہرا (مقرر کر) دیا۔

ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ (٦٠)

پھر اسی کی طرف پھیرے (لوٹائے) جاؤ گے، پھر جتا (بتا) دیگا تم کو، جو کرتے (رہے) ہو۔

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُم حَفَظَةً

اور اسی کا حکم غالب ہے اپنے بندوں پر، اور بھیجتا ہے تم پر نگہبان (فرشتے)۔

حَتَّىَ إِذَا جَاء أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا

یہاں تک کہ جب پہنچے تم میں کسی کو موت، اسکو بھر لیویں (روح قبض کر لیں) ہمارے بھیجے لوگ (فرشتے)،

وَهُمْ لاَ يُفَرِّطُونَ (٦١)

اور وہ قصور (کوتاہی) نہیں کرتے۔

ثُمَّ رُدُّواْ إِلَى اللّهِ مَوْلاَهُمُ الْحَقِّ

پھر پہنچائے (لوٹائے) جائیں گے اللہ کی طرف، جو مالک (حقیقی) انکا ہے۔

أَلاَ لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ (٦٢)

تحقیق سن رکھو حکم اسی کا ہے، اور وہ شتاب (تیز) لیتا ہے حساب۔

قُلْ مَن يُنَجِّيكُم مِّن ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ تَضَرُّعاً وَخُفْيَةً

تُو کہہ، کون تم کو بچالاتا ہے جنگل کے اندھیروں سے اور دریا کے، جس کو (تم) پکارتے ہو گڑگڑاتے اور چپکے،

لَّئِنْ أَنجَانَا مِنْ هَـذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ (٦٣)

اور اگر ہم کو بچا لے اس بلا سے تو البتہ (ضرور) ہم احسان مانیں (شکرگزار رہوں)۔

قُلِ اللّهُ يُنَجِّيكُم مِّنْهَا وَمِن كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ أَنتُمْ تُشْرِكُونَ (٦٤)

تُو کہہ، اللہ تم کو بچاتا ہے ان سے، اور ہر گھبراہٹ سے، پھر تم شریک ٹھہراتے ہو۔

قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلَى أَن يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّن فَوْقِكُمْ أَوْ مِن تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ

تُو کہہ، اسی کو قدرت ہے کہ بھیجے تم پر عذاب اوپر سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے،

أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعاً وَيُذِيقَ بَعْضَكُم بَأْسَ بَعْضٍ

یا ٹھہرائے تم کو کئی فرقے کر کر اور چکھائے ایک کو لڑائی ایک کی۔

انظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُونَ (٦٥)

دیکھ! کس پھیر (گھماؤ) سے ہم کہتے ہیں باتیں شاید وہ سمجھیں۔

وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ

اور اس (قرآن) کو جھوٹ بتایا تیری قوم نے اور یہ تحقیق (حق) ہے۔

قُل لَّسْتُ عَلَيْكُم بِوَكِيلٍ (٦٦)

تُو کہہ، میں نہیں (بنایا گیا) تم پر داروغہ۔

لِّكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ وَسَوْفَ تَعْلَمُونَ (٦٧)

ہر چیز کا ایک وقت ٹھہر رہا (مقرر) ہے اور آگے (عنقریب) جان لو گے۔

وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتَّى يَخُوضُواْ فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ

اور جب تُو دیکھے وہ لوگ کہ بکتے (نکتہ چینیاں کرتے) ہیں ہماری آیتوں میں، تو اُنسے کنارہ کر، جبتک کہ بکنے لگیں (وہ مشغول ہوں) اور کسی بات میں۔

وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ فَلاَ تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَى مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ (٦٨)

اور کبھی بھلا دے تجھ کو شیطان، تو نہ بیٹھ بعد نصیحت کے، بے انصاف قوم کیساتھ۔

وَمَا عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ

اور پرہیزگاروں پر نہیں کچھ اُنکا حساب (ذمہ داری)،

وَلَـكِن ذِكْرَى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ (٦٩)

لیکن نصیحت کرنی (فرض) ہے، شاید وہ ڈریں (غلط روی سے بچیں)۔

وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُواْ دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا

اور چھوڑ دے جنہوں نے ٹھہرایا اپنا دین کھیل اور تماشا اور بہکے دنیا کی زندگی پر،

وَذَكِّرْ بِهِ أَن تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ

اور اس سے نصیحت دے اُنکو، کہ گرفتار نہ ہو جائے کوئی اپنے کئے (کرتوتوں کے وبال) میں،

لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ اللّهِ وَلِيٌّ وَلاَ شَفِيعٌ وَإِن تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لاَّ يُؤْخَذْ مِنْهَا

کہ نہیں اسکو اللہ کے سوا حمایتی نہ سفارش والا، اور اگر بدلہ (میں) دے سارے بدلے، قبول نہ ہوں اُس سے،

أُوْلَـئِكَ الَّذِينَ أُبْسِلُواْ بِمَا كَسَبُواْ

وہی ہیں جو گرفتار ہوئے اپنے کئے (کمائی کے نتیجے) میں۔

لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُواْ يَكْفُرُونَ(٧٠)

انکو پینا ہے گرم پانی، اور مار ہے دُکھ والی، بدلہ کُفر کرنے کا۔

قُلْ أَنَدْعُو مِن دُونِ اللّهِ مَا لاَ يَنفَعُنَا وَلاَ يَضُرُّنَا

تُو کہہ کیا ہم پکاریں اللہ کے سوا، جو نہ بھلا کرے ہمارا نہ بُرا،

وَنُرَدُّ عَلَى أَعْقَابِنَا بَعْدَ إِذْ هَدَانَا اللّهُ

اور (کیا) پھر جائیں اُلٹے پاؤں، جب اللہ ہم کو راہ دے چکا،

كَالَّذِي اسْتَهْوَتْهُ الشَّيَاطِينُ فِي الأَرْضِ حَيْرَانَ لَهُ أَصْحَابٌ يَدْعُونَهُ إِلَى الْهُدَى ائْتِنَا

(اور ہو جائیں) جیسے ایک شخص کو بھلا (بھٹکا) دیا جوں (شیطانوں) نے، جنگل میں بھٹکتا، (جبکہ) اسکے رفیق پکارتے ہیں راہ کی طرف، کہ آ ہمارے پاس۔

قُلْ إِنَّ هُدَى اللّهِ هُوَ الْهُدَىَ وَأُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ(٧١)

تو کہہ اللہ نے راہ بتائی، سو وہی (صحیح) راہ ہے۔ اور ہم کو حکم ہوا ہے کہ تابع رہیں جہان کے صاحب کے۔

وَأَنْ أَقِيمُواْ الصَّلاةَ وَاتَّقُوهُ

اور یہ کہ کھڑی (قائم) رکھو نماز اور اس سے ڈرتے رہو۔

وَهُوَ الَّذِيَ إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (٧٢)

اور وہی ہے جس پاس اکھٹے ہو (کئے جاؤ) گے۔

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ بِالْحَقِّ

وہی ہے جس نے ٹھیک بنائے (پیدا کئے) آسمان و زمین۔

وَيَوْمَ يَقُولُ كُن فَيَكُونُ

اور جس دن کہے گا ہو تو (حشر برپا) ہو جائے گا۔

قَوْلُهُ الْحَقُّ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّوَرِ

اسی کی بات سچ ہے۔ اسی کو سلطنت ہے جس دن پھونکا جائے صور۔

عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ (٧٣)

چُھپا اور کھلا جاننے والا، اور وہی تدبیر والا خبردار۔

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لأَبِيهِ آزَرَ أَتَتَّخِذُ أَصْنَامًا آلِهَةً

اور جب کہا ابراہیم نے اپنے باپ آزر کو، تو کیا پکڑتا (بناتا) ہے مورتوں کو خدا؟

إِنِّي أَرَاكَ وَقَوْمَكَ فِي ضَلاَلٍ مُّبِينٍ (٧٤)

میں دیکھتا ہوں، تو اور تیری قوم صریح بہکے ہو۔

وَكَذَلِكَ نُرِي إِبْرَاهِيمَ مَلَكُوتَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ وَلِيَكُونَ مِنَ الْمُوقِنِينَ (٧٥)

اور اسی طرح ہم دکھانے لگے ابراہیم کو سلطنت آسمان و زمین کی، اور تا (کہ) اسکو یقین آئے۔

فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ اللَّيْلُ رَأَى كَوْكَبًا

پھر جب اندھیری آئی اس پر رات، دیکھا ایک تارا۔

قَالَ هَـٰذَا رَبِّي

بولا یہ ہے رب میرا،

فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَا أُحِبُّ الْآفِلِينَ (٧٦)

پھر جب وہ غائب ہوا، بولا مجھ کو خوش (پسند) نہیں آتے چھپ جانے والے۔

فَلَمَّا رَأَى الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هَـٰذَا رَبِّي

پھر جب دیکھا چاند چمکتا، بولا یہ ہے رب میرا۔

فَلَمَّا أَفَلَ قَالَ لَئِن لَّمْ يَهْدِنِي رَبِّي لَأَكُونَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّالِّينَ (٧٧)

پھر جب وہ غائب ہوا، بولا اگر نہ راہ دے مجھ کو رب میرا، تو بیشک میں رہوں بہکتے لوگوں میں۔

فَلَمَّا رَأَى الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هَـٰذَا رَبِّي هَـٰذَآ أَكْبَرُ

پھر جب دیکھا سورج جھلکتا (روشن)، بولا یہ ہے میرا رب، یہ رب سب سے بڑا۔

فَلَمَّا أَفَلَتْ قَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ (٧٨)

پھر جب وہ غائب ہوا، بولا، اے قوم! میں بیزار ہوں ان سے جنکو تم شریک کرتے ہو (اللہ کے ساتھ)۔

إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا

میں نے اپنا منہ کیا اسی کی طرف جس نے بنائے آسمان و زمین، ایک طرف کا (یکسو) ہوکر،

وَمَا أَنَاْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ (٧٩)

اور میں نہیں شریک کرنے والا۔

وَحَآجَّهُ قَوْمُهُ

اور اس سے جھگڑی اس کی قوم۔

قَالَ أَتُحَاجُّونِّي فِي اللّهِ وَقَدْ هَدَانِ

بولا تم مجھ سے جھگڑتے ہو اللہ پر؟ اور وہ مجھ کو سوجھا (ہدایت دے) چکا۔

وَلاَ أَخَافُ مَا تُشْرِكُونَ بِهِ إِلاَّ أَن يَشَاء رَبِّي شَيْئًا

اور میں ڈرتا نہیں اُن سے جن کو شریک ٹھہراتے ہو اس کا، مگر کہ میرا رب کچھ چاہے۔

وَسِعَ رَبِّي كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا أَفَلاَ تَتَذَكَّرُونَ (۸۰)

سمائی ہے میرے رب کے علم میں سب چیز کو۔ کیا تم دھیان نہیں کرتے؟

وَكَيْفَ أَخَافُ مَا أَشْرَكْتُمْ وَلاَ تَخَافُونَ أَنَّكُمْ أَشْرَكْتُم

اور میں کیوں کر ڈروں تمہارے شریکوں سے؟

بِاللّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ عَلَيْكُمْ سُلْطَانًا

اور (جبکہ) تم نہیں ڈرتے (اس بات سے) کہ شریک ٹھہراتے ہو اللہ کے ساتھ، جس پر نہیں اتاری اس نے تم کو کچھ سند۔

فَأَيُّ الْفَرِيقَيْنِ أَحَقُّ بِالأَمْنِ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ (۸۱)

اب دونوں فرقوں میں کس کو چاہیئے خاطر جمع (دلجمعی)، کہو اگر سمجھ رکھتے ہو۔

الَّذِينَ آمَنُواْ وَلَمْ يَلْبِسُواْ إِيمَانَهُم بِظُلْمٍ أُوْلَـئِكَ لَهُمُ الأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ (۸۲)

جو لوگ یقین لائے اور ملائی نہیں اپنے یقین میں کچھ تقصیر (کوتاہی) انہی کو ہے خاطر جمع (دلجمعی)، اور وہی ہیں راہ پائے۔

وَتِلْكَ حُجَّتُنَا آتَيْنَاهَا إِبْرَاهِيمَ عَلَى قَوْمِهِ

اور یہ ہماری دلیل ہے، کہ ہم نے دی ابراہیم کو اس کی قوم کے مقابل۔

نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاء

درجے بلند کرتے ہیں ہم جس کو چاہیں۔

إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ (۸۳)

تیرا رب تدبیر والا ہے خبردار۔

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَقَ وَيَعْقُوبَ كُلاًّ هَدَيْنَا

اور اسکو بخشا ہم نے اسحٰق اور یعقوب۔ سب کو ہدایت دی۔

وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ

اور نوح کو ہدایت دی ان سب سے پہلے،

وَمِن ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَى وَهَارُونَ

اور اسکی اولاد میں داؤد اور سلیمان کو، اور ایوب اور یوسف کو، اور موسیٰ اور ہارون کو۔

وَكَذَلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ (٨٤)

اور ہم یوں بدلہ دیتے ہیں، نیک کام والوں کو۔

وَزَكَرِيَّا وَيَحْيَى وَعِيسَى وَإِلْيَاسَ كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ (٨٥)

اور زکریا اور یحییٰ اور عیسیٰ اور الیاس کو۔ سب ہیں نیک بختوں میں۔

وَإِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا

اور اسمٰعیل اور الیسع کو، اور یونس کو اور لوط کو،

وَكُلاًّ فضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ (٨٦)

اور سب کو ہم نے بزرگی دی سارے جہان والوں پر۔

وَمِنْ آبَائِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَإِخْوَانِهِمْ

اور بعضوں کو اُنکے باپ دادوں میں اور اولاد میں اور بھائیوں میں۔

وَاجْتَبَيْنَاهُمْ وَهَدَيْنَاهُمْ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ (٨٧)

اور انکو ہم نے پسند کیا، اور راہ سیدھی چلایا۔

ذَلِكَ هُدَى اللّهِ يَهْدِي بِهِ مَن يَشَاء مِنْ عِبَادِهِ

یہ اللہ کی ہدایت ہے، اس پر راہ دے جسکو چاہے اپنے بندوں میں،

وَلَوْ أَشْرَكُواْ لَحَبِطَ عَنْهُم مَّا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (٨٨)

اور اگر وہ شریک کرتے، البتہ ضائع ہوتا جو کچھ کیا تھا۔

أُوْلَـئِكَ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ

(یہی) وہ لوگ تھے، جنکو دی ہم نے کتاب اور شریعت اور نبوت۔

فَإِن يَكْفُرْ بِهَا هَـؤُلاء فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُواْ بِهَا بِكَافِرِينَ (٨٩)

پھر اگر ان باتوں کو نہ مانیں یہ لوگ تو ہم نے ان پر مقرر کئے ہیں وہ شخص کہ وہ نہیں اُن سے منکر۔

أُوْلَـئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ

وہ لوگ تھے جن کو ہدایت دی اللہ نے، سو تُو چل اُنکی راہ،

قُل لاَّ أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا

تُو کہہ، میں نہیں مانگتا تم سے اس پر کچھ مزدوری۔

إِنْ هُوَ إِلاَّ ذِكْرَى لِلْعَالَمِينَ (٩٠)

یہ محض نصیحت ہے جہان کے لوگوں کو۔

وَمَا قَدَرُواْ اللّهَ حَقَّ قَدْرِهِ إِذْ قَالُواْ مَا أَنزَلَ اللّهُ عَلَى بَشَرٍ مِّن شَيْءٍ

اورانہوں نے نہ جانچا اللہ کو پورا جانچنا، جب کہنے لگے، اللہ نے اتارا نہیں کسی انسان پر کچھ۔

قُلْ مَنْ أَنزَلَ الْكِتَابَ الَّذِي جَاء بِهِ مُوسَى نُورًا وَهُدًى لِّلنَّاسِ

پوچھ تو کس نے اتاری وہ کتاب جو موسیٰ لایا، روشنی اور ہدایت لوگوں کی،

تَجْعَلُونَهُ قَرَاطِيسَ تُبْدُونَهَا وَتُخْفُونَ كَثِيرًا

جسکو تم نے ورق ورق کر دکھایا، اور بہت چھپا رکھا۔

وَعُلِّمْتُم مَّا لَمْ تَعْلَمُواْ أَنتُمْ وَلاَ آبَاؤُكُمْ

اور تم کو اس میں سکھایا جو نہ جانتے تھے تم، نہ تمہارے باپ دادے۔

قُلِ اللّهُ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِي خَوْضِهِمْ يَلْعَبُونَ(٩١)

کہہ اللہ نے اتاری، پھر چھوڑ دے انکو، اپنی بک بک (فضول گوئی) میں کھیلا کریں۔

وَهَذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ

اور ایک یہ کتاب ہے کہ ہم نے اتاری برکت کی، سچ بتاتی اپنے اگلے کو،

وَلِتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَى وَمَنْ حَوْلَهَا

اور تا (کہ) تو ڈرائے اصل بستی کو اور آس پاس والوں کو۔

وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ يُؤْمِنُونَ بِهِ

اور جنکو یقین ہے آخرت کا، وہ اسکو مانتے ہیں،

وَهُمْ عَلَى صَلاَتِهِمْ يُحَافِظُونَ (٩٢)

اور وہ ہیں اپنی نماز سے خبردار (کی حفاظت کرتے)۔

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِبًا

اور اس سے ظالم کون جو باندھے اللہ پر جھوٹ

أَوْ قَالَ أُوْحِيَ إِلَيَّ وَلَمْ يُوحَ إِلَيْهِ شَيْءٌ

یا کہے مجھ کو وحی آئی اور اسکو وحی کچھ نہیں آئی ،

وَمَن قَالَ سَأُنزِلُ مِثْلَ مَا أَنَزلَ اللّهُ

اور جو کہے میں اتارتا ہوں برابر اسکے جو اللہ نے اتارا ۔

وَلَوْ تَرَى إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلآئِكَةُ بَاسِطُواْ أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُواْ أَنفُسَكُمُ

اور کبھی تو دیکھے ، جس وقت ہیں ظالم بیہوشی میں ، اور فرشتے ہاتھ کھول رہے ہیں کہ نکالو اپنی جان ۔

الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللّهِ غَيْرَ الْحَقِّ

آج تم کو جزا ملے گی ذلت کی مار ، اس پر کہ کہتے اللہ پر جھوٹ باتیں ،

وَكُنتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ(٩٣)

اور اس کی آیتوں سے تکبر کرتے تھے ۔

وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَى كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ

اور تم ہمارے پاس آئے ایک ایک (تنہا) ، جیسے ہم نے بنائے (پیدا کیے) تھے پہلی بار ،

وَتَرَكْتُم مَّا خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاء ظُهُورِكُمْ

اور چھوڑ دیا (آئے) جو ہم نے اسباب دیا تھا (دنیا میں) (اپنی) پیٹھ کے پیچھے ۔

وَمَا نَرَى مَعَكُمْ شُفَعَاءكُمُ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكَاء

اور ہم دیکھتے نہیں تمہارے ساتھ سفارش والے ، جنکو تم بتاتے تھے کہ اُنکا تم میں ساجھا ہے ۔

لَقَد تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنكُم مَّا كُنتُمْ تَزْعُمُونَ (٩٤)

ٹوٹ (منقطع ہو) گئے تم آپس میں ، اور جاتے رہے جو دعوی تم کرتے تھے ۔

إِنَّ اللّهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوَى

(بیشک) اللہ ہے کہ پھوڑ نکالتا (پھاڑ نکالتا) ہے دانہ اور گٹھلی ۔

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ

نکالتا ہے مُردہ سے زندہ، اور نکالنے والا ہے زندہ سے مُردہ۔

ذَلِكُمُ اللّهُ فَأَنَّى تُؤْفَكُونَ (٩٥)

یہ ہے (تمہارا) اللہ، پھر کہاں پھرے جاتے ہو؟

فَالِقُ الإِصْبَاحِ وَجَعَلَ اللَّيْلَ سَكَنًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا

پھوڑ نکالنے والا صبح کی روشنی۔ اور رات بنائی آرام، اور سورج اور چاند حساب (کیلئے)۔

ذَلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ (٩٦)

یہ اندازہ رکھا ہے زورآور خبردار نے۔

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُواْ بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ

اور اسی نے بنا دیئے تم کو تارے کہ اُن سے راہ پاؤ، اندھیروں میں جنگل اور دریا کے۔

قَدْ فَصَّلْنَا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (٩٧)

(بیشک) ہم نے کھول سنائے پتے (نشانیاں) ان لوگوں کو جو جانتے (علم رکھتے) ہیں۔

وَهُوَ الَّذِيَ أَنشَأَكُم مِّن نَّفْسٍ وَاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَمُسْتَوْدَعٌ

اور اسی نے تم (سب) کو نکالا ایک جان سے، پھر کہیں تم کو ٹھہراؤ ہے اور کہیں سُپرد رہنا،

قَدْ فَصَّلْنَا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَفْقَهُونَ (٩٨)

ہم نے کھول سنائے پتے (نشانیاں) اس قوم کو جو بوجھتے ہیں۔

وَهُوَ الَّذِيَ أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً

اور اُسی نے اُتارا آسمان سے پانی۔

فَأَخْرَجْنَا بِهِ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ

پھر نکالی ہم نے اس سے اُگنے والی ہر چیز،

فَأَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا

پھر اس میں سے نکالا سبزہ، جس سے نکالتے ہیں دانے جڑے ہوئے۔

وَمِنَ النَّخْلِ مِن طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ

اور کھجور کے گابھے میں سے گچھے لٹکتے ہیں،

وَجَنَّاتٍ مِّنْ أَعْنَابٍ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ

اور باغ انگور کے، اور زیتون اور انار، آپس میں ملتے اور جدا۔

انظُرُواْ إِلِى ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَيَنْعِهِ

دیکھو! اسکا پھل جب پھل لاتا ہے اور اسکا پکنا۔

إِنَّ فِي ذَلِكُمْ لآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ(٩٩)

(بیشک) ان چیزوں میں سب پتے (نشانیاں) ہیں یقین لانے والوں کو۔

وَجَعَلُواْ لِلّهِ شُرَكَاء الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ

اور ٹھہراتے ہیں شریک اللہ کے جن، اور اُس (اللہ) نے انکو بنایا،

وَخَرَقُواْ لَهُ بَنِينَ وَبَنَاتٍ بِغَيْرِ عِلْمٍ

اور تراشتے ہیں اسکے واسطے بیٹے اور بیٹیاں بن سمجھے،

سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يَصِفُونَ (١٠٠)

وہ اس لائق نہیں (پاک اور بالاتر ہے)، اور بہت دُور ہے ان باتوں سے جو بتاتے ہیں۔

بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ

نئی طرح بنانے والا آسمان و زمین کا۔

أَنَّى يَكُونُ لَهُ وَلَدٌ وَلَمْ تَكُن لَّهُ صَاحِبَةٌ

اس کو کہاں سے ہو بیٹا؟ اور (حالانکہ) اس کو کوئی عورت نہیں۔

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ وهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ (١٠١)

اور اس نے بنائی (تو پیدا کیا) ہر چیز۔ اور وہ ہر چیز سے واقف ہے۔

ذَلِكُمُ اللّهُ رَبُّكُمْ لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوهُ

یہ اللہ ہے رب تمہارا، اسکے سوا کسی کو بندگی نہیں۔ بنانے (اپیدا کرنے) والا ہر چیز کا، سو تم اسکی بندگی کرو۔

وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ وَكِيلٌ (١٠٢)

اور اُس پر ہر چیز کا حوالہ (سُپردگی) ہے۔

لاَّ تُدْرِكُهُ الأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الأَبْصَارَ

اس کو نہیں پا سکتیں آنکھیں اور وہ پا سکتا ہے آنکھوں کو،

وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ (١٠٣)

اور وہ بھید جانتا ہے خبردار۔

قَدْ جَاءكُم بَصَآئِرُ مِن رَّبِّكُمْ

تم کو پہنچ چکیں سوجھ (سمجھ) کی باتیں تمہارے رب سے۔

فَمَنْ أَبْصَرَ فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا

پھر جو سوجھا (سمجھا) سو اپنے واسطے اور جو اندھا رہا سو اپنے بُرے کو۔

وَمَا أَنَاْ عَلَيْكُم بِحَفِيظٍ (١٠٤)

اور میں نہیں تم پر نگہبان۔

وَكَذَلِكَ نُصَرِّفُ الآيَاتِ

اور یوں پھیر پھیر (مختلف طریقوں سے) سمجھاتے ہیں ہم آیتیں،

وَلِيَقُولُواْ دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهُ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ (١٠٥)

اور تا کہیں کہ تو (کسی سے) پڑھا ہے اور تا (کہ) واضح کریں ہم اسکو واسطے سمجھ والوں کو۔

اتَّبِعْ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ

تو چل اُس پر جو حکم (وحی) آئے تجھ کو تیرے رب سے۔

لا إِلَـهَ إِلاَّ هُوَ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ (١٠٦)

کسی کی بندگی نہیں سوا اس (اللہ) کے۔ اور جانے دے شریک والوں کو۔

وَلَوْ شَاء اللّهُ مَا أَشْرَكُواْ

اور اگر اللہ چاہتا تو شریک نہ کرتے۔

وَمَا جَعَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ (١٠٧)

اور تجھ کو ہم نے نہیں کیا ان کا نگہبان ۔ اور تجھ پر نہیں ان کا حوالہ (سپردگی) ۔

وَلاَ تَسُبُّواْ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ فَيَسُبُّواْ اللّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ

اورتم لوگ بُرا نہ کہو جنکو وہ پکارتے ہیں اللہ کے سوا، کہ وہ بُرا کہہ بیٹھیں اللہ کو بےادبی سے بن سمجھ (جہالت کی بنا پر) ۔

كَذَلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ أُمَّةٍ عَمَلَهُمْ

اسطرح ہم نے بھلے دکھائے ہیں ہر فرقہ کو اسکے کام ۔

ثُمَّ إِلَى رَبِّهِم مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (١٠٨)

پھر انکو اپنے رب پاس پہنچنا ہے، تب وہ جتائے گا جو کچھ کرتے تھے ۔

وَأَقْسَمُواْ بِاللّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَئِن جَاءتْهُمْ آيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا

اور قسمیں کھاتے ہیں اللہ کی تاکید (تحقیق) سے، کہ اگر انکو ایک نشانی پہنچے، البتہ اسکو مانیں (ایمان لے آئیں گے) ۔

قُلْ إِنَّمَا الآيَاتُ عِندَ اللّهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ أَنَّهَا إِذَا جَاءتْ لاَ يُؤْمِنُونَ (١٠٩)

تُو کہہ، نشانیاں تو اللہ کے پاس ہیں، اور تم مسلمان کیا خبر رکھتے ہو کہ جب وہ آئیں گی تو یہ مانیں گے ۔

وَنُقَلِّبُ أَفْئِدَتَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُواْ بِهِ أَوَّلَ مَرَّةٍ

اور ہم الٹ (پھیر) دیں گے انکے دل اور آنکھیں، جیسے منکر ہوئے ہیں اس سے پہلی بار،

وَنَذَرُهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ (١١٠)

اور چھوڑ رکھیں گے اُنکو اپنے جوش (سرکشی) میں بہکتے (بھٹکتے) ۔

وَلَوْ أَنَّنَا نَزَّلْنَا إِلَيْهِمُ الْمَلآئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتَى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ

اور اگر ہم اُن پر اتاریں فرشتے، اور اُن سے بولیں مُردے اور جلا (پیش کر) دیں ہم ہر چیز کو انکے سامنے،

قُبُلاً مَّا كَانُواْ لِيُؤْمِنُواْ إِلاَّ أَن يَشَاءَ اللّهُ

(تب بھی) ہرگز ماننے والے نہیں، مگر جو چاہے اللہ،

وَلَـكِنَّ أَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُونَ (١١١)

پر یہ اکثر نادان ہیں ۔

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نِبِيٍّ عَدُوًّا شَيَاطِينَ الإِنسِ وَالْجِنِّ
اور اسی طرح رکھے ہیں ہم نے ہر نبی کے دشمن، شیطان آدمی اور جن،

يُوحِي بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُورًا
سکھاتے ہیں ایک دوسرے کو ملمع (چکنی چپڑی) باتیں فریب کی،

وَلَوْ شَاء رَبُّكَ مَا فَعَلُوهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ (١١٢)
اور اگر تیرا رب چاہتا تو یہ کام نہ کرتے، سو چھوڑ دے، وہ جانیں اور ان کا جھوٹ۔

وَلِتَصْغَى إِلَيْهِ أَفْئِدَةُ الَّذِينَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ
اور تا (کہ) جھکیں اس طرف دل اُنکے جو یقین نہیں رکھتے آخرت کا،

وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُواْ مَا هُم مُّقْتَرِفُونَ (١١٣)
اور وہ اسکو پسند کریں، اور تا (کہ) کئے جائیں جو غلط کام کر رہے ہیں۔

أَفَغَيْرَ اللّهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَهُوَ الَّذِي أَنَزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلاً
اب سوا اللہ کے کسی اور کو منصف کروں؟ اور اسی نے تم کو کتاب بھیجی واضح (تفصیل کے ساتھ)۔

وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِّن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ
اور جنکو ہم نے کتاب دی وہ سمجھتے ہیں کہ یہ نازل ہوئی ہے تیرے رب کے پاس سے تحقیق (برحق)،

فَلاَ تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ (١١٤)
سو تُو مت ہو شک لانے والا۔

وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلاً لاَّ مُبَدِّلِ لِكَلِمَاتِهِ
اور تیرے رب کی بات پوری سچ ہے انصاف کی۔ کوئی بدلنے والا نہیں اس کے کلام کو۔

وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (١١٥)
اور وہی ہے سنتا جانتا۔

وَإِن تُطِعْ أَكْثَرَ مَن فِي الأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَن سَبِيلِ اللّهِ
اور اگر تُو کہا مانے اکثر لوگوں کا جو دنیا میں ہیں، تجھ کو بھلا ئیں (گمراہ کردیں) اللہ کی راہ سے۔

إِن يَتَّبِعُونَ إِلاَّ الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلاَّ يَخْرُصُونَ (١١٦)

سب یہی چلتے ہیں خیال (گمان) پر، اور سب اٹکل (قیاس) دوڑاتے ہیں۔

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ مَن يَضِلُّ عَن سَبِيلِهِ

تیرا رب ہی خوب جانتا ہے جو بہکتا ہے اسکی راہ سے،

وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ (١١٧)

اور وہ خُوب جانتا ہے جو اسکی راہ پر ہیں۔

فَكُلُواْ مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّهِ عَلَيْهِ إِن كُنتُمْ بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِينَ (١١٨)

سو تم کھاؤ اس میں سے جس پر نام لیا اللہ کا، اگر تم کو اسکے حکم پر یقین ہے۔

وَمَا لَكُمْ أَلاَّ تَأْكُلُواْ مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّهِ عَلَيْهِ

اور کیا سبب کہ تم نہ کھاؤ اس میں سے، جس پر نام لیا اللہ کا؟

وَقَدْ فَصَّلَ لَكُم مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ إِلاَّ مَا اضْطُرِرْتُمْ إِلَيْهِ

اور وہ کھول چکا جو کچھ تم پر حرام کیا ہے، مگر جس وقت ناچار ہو اسکی طرف سے۔

وَإِنَّ كَثِيرًا لَّيُضِلُّونَ بِأَهْوَائِهِم بِغَيْرِ عِلْمٍ

اور بہت لوگ بہکاتے ہیں اپنے خیال (خواہش) پر بغیر تحقیق (علم کے)۔

إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِينَ (١١٩)

تیرا رب ہی خوب جانتا ہے جو لوگ حد سے بڑھتے ہیں۔

وَذَرُواْ ظَاهِرَ الإِثْمِ وَبَاطِنَهُ

اور چھوڑ دو کھلا گناہ اور چھپا۔

إِنَّ الَّذِينَ يَكْسِبُونَ الإِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُواْ يَقْتَرِفُونَ (١٢٠)

جو لوگ گناہ کماتے ہیں، سزا پائیں گے اپنے کئے کی۔

وَلاَ تَأْكُلُواْ مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ

اور اس میں سے نہ کھاؤ جس پر نام نہ لیا اللہ کا، اور وہ گناہ ہے،

وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَى أَوْلِيَآئِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ

اور شیطان دل میں ڈالتے ہیں اپنے رفیقوں کے کہ تم سے جھگڑا کریں۔

وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ ﴿١٢١﴾

اور اگر تم نے انکا کہا مانا، تو تم مشرک ہوئے۔

أَوَ مَن كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ

بھلا ایک شخص کہ مُردہ تھا، پھر ہم نے اسکو زندہ کیا، اور دی اسکو روشنی کہ لئے پھرتا ہے لوگوں میں،

كَمَن مَّثَلُهُ فِي الظُّلُمَاتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا

برابر اسکے کہ جسکا حال یہ ہے، اندھیروں میں پڑا، وہاں سے نکل نہیں سکتا؟

كَذَلِكَ زُيِّنَ لِلْكَافِرِينَ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ ﴿١٢٢﴾

اسی طرح بھلا (خوشنما) دکھایا ہے کافروں کو جو کام کر رہے ہیں۔

وَكَذَلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ أَكَابِرَ مُجَرِمِيهَا لِيَمْكُرُواْ فِيهَا

اور یوں ہی رکھے ہیں ہم نے ہر بستی میں گنہگاروں کے سردار کہ حیلہ (مکروفریب) لایا کریں وہاں،

وَمَا يَمْكُرُونَ إِلاَّ بِأَنفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ﴿١٢٣﴾

اور جو حیلہ (مکروفریب) کرتے ہیں سو اپنے اوپر اور نہیں بوجھتے (شعور رکھتے)۔

وَإِذَا جَاءتْهُمْ آيَةٌ قَالُواْ لَن نُّؤْمِنَ حَتَّى نُؤْتَى مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللّهِ

اور جب پہنچی اُنکو ایک آیت، کہیں ہم ہرگز نہ مانیں گے جب تک ہم کو نہ ملے جیسا کچھ پاتے ہیں اللہ کے رسول،

اللّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ

اللہ بہتر جانتا ہے جہاں بھیجے اپنے پیغام،

سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُواْ صَغَارٌ عِندَ اللّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُواْ يَمْكُرُونَ ﴿١٢٤﴾

اب پہنچے گی گنہگاروں کو ذلت اللہ کے ہاں، اور عذاب سخت بدلہ حیلہ (فریب) بنانے کا۔

فَمَن يُرِدِ اللّهُ أَن يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلإِسْلاَمِ

سو جسکو اللہ چاہے کہ راہ دے، کھول دے اس کا سینہ حکم برداری کو۔

وَمَن يُرِدْ أَن يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاء

اور جس کو چاہے کہ راہ سے بھلا دے اسکا سینہ کر دے تنگ نہایت (گھٹا ہوا)، گویا زور سے چڑھتا ہے آسمان پر۔

كَذَلِكَ يَجْعَلُ اللّهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لاَ يُؤْمِنُونَ (١٢٥)

اسی طرح ڈالے گا اللہ عذاب یقین نہ لانے والوں پر۔

وَهَـذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيمًا قَدْ فَصَّلْنَا الآيَاتِ لِقَوْمٍ يَذَّكَّرُونَ (١٢٦)

اور یہ ہے راہ تیرے رب کی سیدھی۔ ہم نے کھول (واضح کر) دیئے نشان دھیان (نصیحت قبول) کرنے والوں کو۔

لَهُمْ دَارُ السَّلاَمِ عِندَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (١٢٧)

انکو ہے سلامتی کا گھر اپنے رب کے ہاں، اور وہ انکا مددگار ہے، بدلہ انکے کیئے کا۔

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُم مِّنَ الإِنسِ

اور جس دن جمع کریں گے ان سب کو۔ اے جماعت جنوں کی! تم نے بہت کچھ لیا (بہکا کر) انسانوں سے۔

وَقَالَ أَوْلِيَآؤُهُم مِّنَ الإِنسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَبَلَغْنَا أَجَلَنَا الَّذِيَ أَجَّلْتَ لَنَا

اور بولے اُنکے دوستدار انسان، اے رب ہمارے! کام نکالا ہم میں ایک نے دوسرے سے اور پہنچے اپنے وعدہ کو، جو تو نے ہمارا ٹھہرایا تھا۔

قَالَ النَّارُ مَثْوَاكُمْ خَالِدِينَ فِيهَا إِلاَّ مَا شَاء اللّهُ

فرمادے گا آگ ہے گھر تمہارا، رہا کرو اس میں، مگر جو چاہے اللہ،

إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ (١٢٨)

(بیشک) تیرا رب حکمت والا خبردار ہے۔

وَكَذَلِكَ نُوَلِّي بَعْضَ الظَّالِمِينَ بَعْضًا بِمَا كَانُواْ يَكْسِبُونَ (١٢٩)

اور اس طرح ہم ساتھ ملادیں گے گنہگاروں کو ایک دوسرے کا، بدلہ اُنکی کمائی کا۔

يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالإِنسِ أَلَمْ يَأْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنكُمْ

اے جماعت جنوں اور انسانوں کی کیا تم کو نہیں پہنچے تھے رسول تمہارے اندر کے (جو تم میں سے تھے)،

يَقُصُّونَ عَلَيْكُمْ آيَاتِي وَيُنذِرُونَكُمْ لِقَاء يَوْمِكُمْ هَـذَا

سناتے تم کو میرا حکم اور ڈراتے یہ دن سامنے آنے سے۔

قالُواْ شَهِدْنَا عَلَى أَنفُسِنَا

بولے، ہم نے مانے اپنے گناہ،

وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُواْ عَلَى أَنفُسِهِمْ أَنَّهُمْ كَانُواْ كَافِرِينَ (١٣٠)

اور انکو بہکایا دنیا کی زندگی نے، اور قائل ہوئے اپنے گناہ پر، کہ وہ تھے منکر۔

ذَلِكَ أَن لَّمْ يَكُن رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَى بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا غَافِلُونَ (١٣١)

یہ اس واسطے کہ تیرا رب ہلاک کرنے والا نہیں بستیوں کو ظلم سے اور وہاں کے لوگ بیخبر ہوں۔

وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِّمَّا عَمِلُواْ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ (١٣٢)

اور ہر کسی کو درجے ہیں اپنے عمل کے۔ اور تیرا رب بے خبر نہیں انکے کام سے۔

وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ

اور تیرا رب بے پرواہ ہے رحم والا۔

إِن يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِن بَعْدِكُم مَّا يَشَاء

اگر چاہے تم کو لے جائے اور پیچھے (بعد) تمہارے قائم کرے (لے آئے) جس کو چاہے،

كَمَآ أَنشَأَكُم مِّن ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ آخَرِينَ (١٣٣)

جیسا تم کو کھڑا (پیدا) کیا اوروں کی اولاد سے۔

إِنَّ مَا تُوعَدُونَ لآتٍ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ (١٣٤)

جو تم کو وعدہ دیا، سو آنے والا ہے اور تم تھکا نہ (اللہ کو عاجز کر) سکو گے۔

قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُواْ عَلَى مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ

تُو کہہ، لوگو! کام کرتے رہو اپنی جگہ، میں بھی کام کرتا ہوں۔

فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدِّارِ

اب آگے (عنقریب) جان لوگے کس کو ملتا ہے آخرت کا گھر۔

إِنَّهُ لاَ يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ (١٣٥)

مقرر (بلا شبہ) بھلا نہ ہوگا بے انصافوں کا۔

وَجَعَلُواْ لِلّهِ مِمِّا ذَرَأَ مِنَ الْحَرْثِ وَالأَنْعَامِ نَصِيبًا

اور ٹھہراتے ہیں اللہ کا، اسکی پیدا کی کھیتی اور مویشی میں ایک حصہ،

فَقَالُواْ هَـذَا لِلّهِ بِزَعْمِهِمْ وَهَـذَا لِشُرَكَآئِنَا

پھر کہتے ہیں یہ حصہ اللہ کا ہے اپنے خیال پر اور یہ ہمارے شریکوں کا۔

فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلاَ يَصِلُ إِلَى اللّهِ

سو جو انکے شریکوں کا ہے سو نہ پہنچے اللہ کی طرف۔

وَمَا كَانَ لِلّهِ فَهُوَ يَصِلُ إِلَى شُرَكَآئِهِمْ

اور جو اللہ کا ہے، سو پہنچے انکے شریکوں کی طرف۔

سَاء مَا يَحْكُمُونَ (١٣٦)

کیا بُرا انصاف کرتے ہیں۔

وَكَذَلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ قَتْلَ أَوْلاَدِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ

اور اسی طرح بھلی دکھائی ہیں بہت مشرکوں کو اولاد مارنی انکے شریکوں نے،

لِيُرْدُوهُمْ وَلِيَلْبِسُواْ عَلَيْهِمْ دِينَهُمْ

کہ اُنکو ہلاک کریں۔ اور ان کا دین غلط کریں۔

وَلَوْ شَاء اللّهُ مَا فَعَلُوهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ (١٣٧)

اور اللہ چاہتا تو یہ کام نہ کرتے، سو چھوڑ دے، وہ جانیں اور انکا جھوٹ۔

وَقَالُواْ هَـذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لاَّ يَطْعَمُهَا إِلاَّ مَن نّشَاء بِزَعْمِهِمْ

اور کہتے ہیں یہ مویشی اور کھیتی منع ہے، اسکو نہ کھائے مگر جسکو ہم چاہیں اپنے خیال پر،

وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ لاَّ يَذْكُرُونَ اسْمَ اللّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاء عَلَيْهِ

اور بعضے مویشی کی پیٹھ پر چڑھنا منع ٹھہرایا ہے، اور بعضے مویشی کے ذبح پر نام نہیں لیتے اللہ کا، اس پر جھوٹ باندھ کر۔

سَيَجْزِيهِم بِمَا كَانُواْ يَفْتَرُونَ (١٣٨)

وہ (اللہ عنقریب) سزا دے گا انکو اس جھوٹ کی۔

وَقَالُواْ مَا فِي بُطُونِ هَـذِهِ الأَنْعَامِ خَالِصَةٌ لِّذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَى أَزْوَاجِنَا

اور کہتے ہیں جو ان مویشی کے پیٹ میں ہو، سونرا ہمارے مرد کھائیں اور حرام ہے ہماری عورتوں کو۔

وَإِن يَكُن مَّيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاء

اور جو مردہ ہو تو اس میں سب شریک ہوں۔

سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ إِنَّهُ حِكِيمٌ عَلِيمٌ (١٣٩)

وہ سزا دے گا ان کو اُن تقریروں (گھڑی باتوں) کی۔ (بیشک) وہ حکمت والا ہے خبردار۔

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ قَتَلُواْ أَوْلاَدَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ

بیشک خراب ہوئے جنہوں نے مار ڈالی اپنی اولاد نادانی سے، بن سمجھے،

وَحَرَّمُواْ مَا رَزَقَهُمُ اللّهُ افْتِرَاء عَلَى اللّهِ

اور حرام ٹھہرایا جو اللہ نے انکو رزق دیا جھوٹ باندھ کر اللہ پر۔

قَدْ ضَلُّواْ وَمَا كَانُواْ مُهْتَدِينَ (١٤٠)

بیشک بہکے، اور نہ آئے راہ پر۔

وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَ جَنَّاتٍ مَّعْرُوشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوشَاتٍ

اور اس نے پیدا کئے باغ چھتریوں کے، اور بغیر چھتریوں کے،

وَالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا أُكُلُهُ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ

اور کھجور اور کھیتی، کئی طرح ہے اسکا پھل اور زیتون اور انار، آپس میں ملتا (جلتا) اور جدا (جدا)۔

كُلُواْ مِن ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُواْ حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ وَلاَ تُسْرِفُواْ

کھاؤ اسکے پھل میں سے، جس وقت پھل لائے اور دو اس (اللہ) کا حق جس دن کٹے، اور بے جا نہ اڑاؤ (اسراف نہ کرو)۔

إِنَّهُ لاَ يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ (١٤١)

اس کو خوش (پسند) نہیں آتے اڑا دینے (اسراف کرنے) والے۔

وَمِنَ الأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشًا

اور پیدا کئے مویشی میں لدنے (بوجھ اٹھانے) والے اور دبے (کھانے والے)۔

كُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّهُ

کھاؤ اللہ کے رزق میں سے،

وَلاَ تَتَّبِعُواْ خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ (١٤٢)

اور مت چلو شیطان کے قدموں پر، وہ تمہارا دشمن ہے صریح (کھلا)۔

ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ مِّنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ

پیدا کئے آٹھ نر اور مادہ، بھیڑ میں سے دو، اور بکری میں سے دو،

قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الأُنثَيَيْنِ

پوچھ تو کہ دونوں نر حرام کئے ہیں یا دونوں مادہ، یا جو لپٹ رہا (بچہ) ہے مادوں کے پیٹ میں؟

نَبِّؤُونِي بِعِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ (١٤٣)

بتاؤ مجھ کو سند اگر تم سچے ہو۔

وَمِنَ الإِبْلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ

اور پیدا کئے اُونٹ میں سے دو اور گائے میں سے دو،

قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الأُنثَيَيْنِ

پوچھ تو دونوں نر حرام کئے ہیں یا دونوں مادہ یا جو لپٹ رہا (بچہ) ہے مادوں کے پیٹ میں؟

أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاء إِذْ وَصَّاكُمُ اللّهُ بِهَـذَا

کیا تم حاضر تھے جس وقت اللہ نے تم کو یہ کہہ دیا تھا؟

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَى عَلَى اللّهِ كَذِبًا لِيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ

پھر اس سے ظالم کون جو جھوٹ باندھے اللہ پر، تا لوگوں کو بہکا دے بغیر تحقیق؟

إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (١٤٤)

بیشک اللہ راہ (ہدایت) نہیں دیتا بے انصاف لوگوں کو۔

قُل لاَّ أَجِدُ فِي مَا أُوْحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلَى طَاعِمٍ يَطْعَمُهُ إِلاَّ

تو کہہ، میں نہیں پاتا جس حکم (وحی) میں کہ مجھ کو پہنچا کوئی چیز حرام کھانے والے کو جو اسکو کھائے مگر

أَن يَكُونَ مَيْتَةً أَوْ دَمًا مَّسْفُوحًا أَوْ لَحْمَ خِنزِيرٍ فَإِنَّهُ رِجْسٌ

یہ کہ مردہ ہو یا لہو پھینک دینے کا (بہتا ہوا)، یا گوشت سور کا، کہ وہ ناپاک ہے،

أَوْ فِسْقًا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّهِ بِهِ

یا گناہ کی چیز، جس پر پکارا اللہ کے سوا کسی کا نام۔

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلاَ عَادٍ فَإِنَّ رَبَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ (١٤٥)

پھر جو کوئی عاجز ہو، نہ زور کرتا نہ زیادتی، تو تیرا رب معاف کرتا ہے مہربان۔

وَعَلَى الَّذِينَ هَادُواْ حَرَّمْنَا كُلَّ ذِي ظُفُرٍ

اور یہود پر ہم نے حرام کیا تھا ہر ناخن والا،

وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُومَهُمَا

اور گائے اور بکری میں سے حرام کی اُنکی چربی،

إِلاَّ مَا حَمَلَتْ ظُهُورُهُمَا أَوِ الْحَوَايَا أَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ

مگر جو لگی ہو پشت پر یا آنت میں، یا ملی ہو ہڈی کے ساتھ۔

ذَلِكَ جَزَيْنَاهُم بِبَغْيِهِمْ وِإِنَّا لَصَادِقُونَ (١٤٦)

یہ ہم نے اُن کو سزا دی تھی انکی شرارت پر، اور ہم سچ کہتے ہیں۔

فَإِن كَذَّبُوكَ فَقُل رَّبُّكُمْ ذُو رَحْمَةٍ وَاسِعَةٍ

پھر اگر تجھ کو جھٹلائیں تو کہہ تمہارے رب کی مہر (رحمت) میں بڑی سمائی (وسعت) ہے۔

وَلاَ يُرَدُّ بَأْسُهُ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ (١٤٧)

(لیکن) پھرتا نہیں اسکا عذاب گنہگار لوگوں سے۔

سَيَقُولُ الَّذِينَ أَشْرَكُواْ لَوْ شَاء اللّهُ مَا أَشْرَكْنَا وَلاَ آبَاؤُنَا وَلاَ حَرَّمْنَا مِن شَيْءٍ

اب کہیں گے مشرک، اگر اللہ چاہتا تو شریک نہ ٹھہراتے ہم اور نہ ہمارے باپ اور نہ حرام کر لیتے کوئی چیز۔

كَذَلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِم حَتَّى ذَاقُواْ بَأْسَنَا

اسی طرح جھٹلا گئے اُن سے اگلے، جب تک چکھا ہمارا عذاب۔

قُلْ هَلْ عِندَكُم مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ لَنَا

تو کہہ، کچھ علم بھی ہے تم پاس کہ ہمارے آگے نکالو (پیش کرو)؟

إِن تَتَّبِعُونَ إِلاَّ الظَّنَّ وَإِنْ أَنتُمْ إَلاَّ تَخْرُصُونَ (١٤٨)

یا نری اٹکل (گمان) پر چلتے ہو، اور سب تجویزیں (قیاس آرائیاں) کرتے ہو۔

قُلْ فَلِلّهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ فَلَوْ شَاء لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ (١٤٩)

تو کہہ، پس اللہ کا الزام پورا (کی حجت پوری) ہے۔ سو اگر چاہتا تو راہ (ہدایت) دیتا تم سب کو۔

قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاءكُمُ الَّذِينَ يَشْهَدُونَ أَنَّ اللّهَ حَرَّمَ هَـذَا

تو کہہ، لاؤ اپنے گواہ، جو بتادیں کہ اللہ نے حرام کی ہے یہ چیز۔

فَإِن شَهِدُواْ فَلاَ تَشْهَدْ مَعَهُمْ

پھر اگر وہ کہیں بھی تو تُو نہ کہہ اُنکے ساتھ۔

وَلاَ تَتَّبِعْ أَهْوَاء الَّذِينَ كَذَّبُواْ بِآيَاتِنَا

اور نہ چل انکی خوشی (خواہش) پر، جنہوں نے جھٹلائے ہمارے حکم،

وَالَّذِينَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِالآخِرَةِ وَهُم بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ (١٥٠)

اور جو یقین نہیں رکھتے آخرت کا، اور وہ اپنے رب کے برابر کرتے ہیں اور (دوسروں) کو۔

قُلْ تَعَالَوْاْ أَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ

تُو کہہ، آؤ میں سنادوں جو حرام کیا ہے تم پر تمہارے رب نے،

أَلاَّ تُشْرِكُواْ بِهِ شَيْئًا

کہ شریک نہ کرو اس (اللہ) کے ساتھ کسی چیز کو،

وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا

اور ماں باپ سے نیکی (کرو سلوک نیک)۔

وَلاَ تَقْتُلُواْ أَوْلاَدَكُم مِّنْ إمْلاَقٍ نَّحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَإِيَّاهُمْ

اور مار نہ ڈالو اپنی اولاد مفلسی (کے ڈر) سے، ہم رزق دیتے ہیں تم کو اور اُنکو (بھی)،

وَلاَ تَقْرَبُواْ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ

اور نزدیک نہ ہو بے حیائی کے کام سے، جو کھلا ہو اس میں اور جو چھپا۔

وَلاَ تَقْتُلُواْ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّهُ إِلاَّ بِالْحَقِّ

اور مارنہ ڈالو جان جسکو حرام کیا اللہ نے، مگر حق پر۔

ذَلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ (١٥١)

یہ تم کو کہہ (حکم) دیا ہے، شاید تم سمجھو۔

وَلاَ تَقْرَبُواْ مَالَ الْيَتِيمِ إِلاَّ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّى يَبْلُغَ أَشُدَّهُ

اور پاس نہ جاؤ یتیم کے مال کے، مگر جسطرح بہتر ہو، جب تک (حتی کہ) وہ پہنچے اپنی قوت (سن رشد) کو،

وَأَوْفُواْ الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ

اور پوری کرو ماپ اور تول انصاف سے۔

لاَ نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلاَّ وُسْعَهَا

ہم کسی پر وہی رکھتے ہیں جو اسکو مقدور (گنجائش) ہے۔

وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُواْ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَى

اور جب بات کہو تو حق کی کہو، اگر چہ وہ ہو اپنا ناتے والا۔

وَبِعَهْدِ اللّهِ أَوْفُواْ

اور اللہ کا قول پورا کرو۔

ذَلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ (١٥٢)

یہ تم کو کہہ (حکم) دیا ہے شاید تم دھیان (نصیحت قبول) کرو۔

وَأَنَّ هَـذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ

اور کہا، یہ راہ ہے میری سیدھی، سو اس پر چلو۔

وَلاَ تَتَّبِعُواْ السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَن سَبِيلِهِ

اور مت چلو کئی راہیں، پھر تم کو پھٹائیں (بھٹکائیں) گے اسکی راہ سے۔

ذَلِكُمْ وَصَّاكُم بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ (١٥٣)

یہ کہہ (حکم) دیا ہے تم کو، شاید تم بچتے رہو (تقوی اختیار کرو)۔

ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيَ أَحْسَنَ وَتَفْصِيلاً لِّكُلِّ شَيْءٍ

پھر دی ہم نے موسیٰ کو کتاب، پورا فضل نیکی والے پر اور بیان ہر چیز کا،

وَهُدًى وَرَحْمَةً لَّعَلَّهُم بِلِقَاء رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ (١٥٤)

اور ہدایت اور مہر (رحمت)، شاید وہ لوگ اپنے رب کا ملنا یقین کریں۔

وَهَذَا كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُواْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ (١٥٥)

اور ایک یہ کتاب ہے (قرآن) کہ ہم نے اتاری برکت کی، سو اس پر چلو اور بچتے رہو، شاید تم پر رحم ہو۔

أَن تَقُولُواْ إِنَّمَا أُنزِلَ الْكِتَابُ عَلَى طَآئِفَتَيْنِ مِن قَبْلِنَا

اس واسطے کہ کبھی کہو کتاب جو اتری تھی سو دو ہی فرقوں پر ہم سے پہلے،

وَإِن كُنَّا عَن دِرَاسَتِهِمْ لَغَافِلِينَ (١٥٦)

اور ہم کو انکے پڑھنے پڑھانے کی خبر نہ تھی۔

أَوْ تَقُولُواْ لَوْ أَنَّا أُنزِلَ عَلَيْنَا الْكِتَابُ لَكُنَّا أَهْدَى مِنْهُمْ

یا کہو، اگر ہم پر اترتی کتاب تو ہم راہ چلتے اُن سے بہتر،

فَقَدْ جَاءكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ

سو آ چکی تم کو تمہارے رب سے شاہدی (روشن دلیل)، اور ہدایت اور مہربانی (رحمت)۔

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِآيَاتِ اللّهِ وَصَدَفَ عَنْهَا

اب اس سے بے انصاف کون؟ جو جھٹلائے اللہ کی آیتیں اور ان سے کترائے (منہ موڑے)۔

سَنَجْزِي الَّذِينَ يَصْدِفُونَ عَنْ آيَاتِنَا سُوءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُواْ يَصْدِفُونَ (١٥٧)

ہم سزا دیں گے کترانے (منہ موڑنے) والوں کو ہماری آیتوں سے بری طرح کی مار، بدلہ اس کترانے کا۔

هَلْ يَنظُرُونَ إِلاَّ أَن تَأْتِيهُمُ الْمَلآئِكَةُ أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ

کاہے کی راہ دیکھتے ہیں لوگ مگر یہی کہ اُن پر آئیں فرشتے، یا آئے تیرا رب، یا آئے کوئی نشان تیرے رب کا؟

يَوْمَ يَأْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لاَ يَنفَعُ نَفْسًا إِيمَانُهَا

جس دن آئے گا ایک نشان تیرے رب کا، کام نہ آئے گا ایمان لانا کسی کو،

لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِن قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا

جو پہلے سے ایمان نہ لایا تھا، یا اپنے ایمان میں کچھ نیکی نہ کی تھی۔

قُلِ انتَظِرُواْ إِنَّا مُنتَظِرُونَ (١٥٨)

تُو کہہ: راہ دیکھو (انتظار کرو)، ہم بھی راہ دیکھتے (انتظار کرتے) ہیں۔

إِنَّ الَّذِينَ فَرَّقُواْ دِينَهُمْ وَكَانُواْ شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ

جنہوں نے راہیں نکالیں اپنے دین میں، اور ہو گئے کئی فرقے، تجھ کو ان سے کچھ کام نہیں۔

إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُواْ يَفْعَلُونَ (١٥٩)

اُنکا کام حوالے اللہ کے، پھر وہی جتائے (بتائے) گا انکو جیسا کچھ کرتے تھے۔

مَن جَاء بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا

جو کوئی لایا نیکی اسکو ہے اسکے دس برابر۔

وَمَن جَاء بِالسَّيِّئَةِ فَلاَ يُجْزَى إِلاَّ مِثْلَهَا وَهُمْ لاَ يُظْلَمُونَ (١٦٠)

اور جو لایا بُرائی، سو سزا پائے گا تو اتنی ہی، اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

قُلْ إِنَّنِي هَدَانِي رَبِّي إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ دِينًا قِيَمًا مِّلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا

تُو کہہ: مجھ کو تو سوجھائی میرے رب نے راہ سیدھی، دین صحیح، ملت ابراہیم کی جو ایک طرف کا تھا۔

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ (١٦١)

اور نہ تھا شریک والوں میں۔

قُلْ إِنَّ صَلاَتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (١٦٢)

تُو کہہ، میری نماز اور قربانی اور میرا جینا اور مرنا اللہ کی طرف ہے، جو صاحب سارے جہان کا۔

لاَ شَرِيكَ لَهُ

کوئی نہیں اسکا شریک،

وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَاْ أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ (١٦٣)

اور یہی مجھ کو حکم ہوا اور میں سب سے پہلے حکم بردار ہوں۔

قُلْ أَغَيْرَ اللّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ

تُو کہہ، اب میں سوا اللہ کے تلاش کروں کوئی رب؟ اور وہی ہے رب ہر چیز کا،

وَلاَ تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلاَّ عَلَيْهَا

اور جو کوئی کمائے سو اس کے ذمہ پر۔

وَلاَ تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى

اور بوجھ نہ اٹھائے گا ایک شخص دوسرے کا۔

ثُمَّ إِلَى رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ (١٦٤)

پھر تمہارے رب پاس ہے رجوع تمہاری، سو وہ جتا (بتا) دے گا، جس بات میں تم جھگڑتے تھے۔

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلاَئِفَ الأَرْضِ

اور اسی نے تم کو کیا ہے نائب زمین میں،

وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ

اور بلند کئے تم میں درجے ایک کے ایک پر، کہ آزمائے تم کو اپنے دیئے حکم میں۔

إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ (١٦٥)

تیرا رب شتاب (تیزی سے) کرتا ہے عذاب، اور (بیشک) وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

**********

© Copy Rights:
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com